اردو

نماز جنازہ کی فضیلت

اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: (جو کوئی ایمان کے ساتھ اور ثواب کی نیت سے کسی مسلمان کے جنازے میں شرکت کرے اور نماز اور دفن سے فراغت تک اس کے ساتھ رہے تو وہ دو قیراط ثواب لے کر لوٹے گا، ہر قیراط اتنا بڑا ہوگا جیسے احد کا پہاڑ، اور جو شخص جنازے کی نماز پڑھ کر دفن سے پہلے لوٹ جائے تو وہ ایک قیراط ثواب لے کر لوٹے گا۔)

امام بخاری نے اس حدیث کی روایت کی ہے۔

احد پہاڑ کے بارے میں چند معلومات

1. اس کی لمبائی (7) کیلومیٹر ہے۔
2. اس کی چوڑائی (2) سے (3) کیلومیٹر کے درمیان ہے۔
3. اس کی اونچائی (1077) میٹر ہے۔
4. اس کا وزن (45) ارب ٹن ہے۔

سوال.... کیا اس کے بعد بھی آپ نماز جنازہ ترک کریں گے؟

نماز جنازہ کا طریقہ

- سنت یہ ہے کہ امام، مرد کے سر کے پاس اور عورت کے درمیان میں کھڑا ہو۔
- چار تکبیریں کہے اور ہر تکبیر کے ساتھ اپنے ہاتھوں کو بلند کرے۔

(1) پہلی تکبیر میں استعاذہ کے بعد سورہ فاتحہ کی تلاوت کرے۔

(2) دوسری تکبیر کے بعد نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجے (اللهم صل على محمد وعلى آل محمد، كما صليت على إبراهيم وعلى آل إبراهيم، إنك حميد مجيد، اللهم بارك على محمد وعلى آل محمد، كما باركت على آل إبراهيم وعلى آل إبراهيم، إنك حميد مجيد).

ترجمہ: (اے اللہ! محمد اور آل محمد پر اپنی رحمت نازل فرما جیسا کہ تو نے ابراھیم اور آل ابراھیم پر اپنی رحمت نازل فرمائی، بیشک تو بڑی خوبیوں والا بزرگی والا ہے، اے اللہ! محمد اور آل محمد پر اپنی برکت نازل فرما جیسا کہ تو نے ابراھیم اور آل ابراھیم پر اپنی برکت نازل فرمائی، بیشک تو بڑی خوبیوں والا بزرگی والا ہے۔)

(3) اور تیسری تکبیر کے بعد یہ دعا کرے (اللهم اغفر لحينا وميتنا وصغيرنا وكبيرنا وذكرنا وأنثانا وشاهدنا وغائبنا، اللهم من أحييته منا فأحيه على الإيمان، ومن توفيته منا فتوفه على الإسلام، اللهم لا تحرمنا أجره ولا تضلنا بعده. اللهم اغفر له وارحمه وعافه واعف عنه وأكرم نزله ووسع مدخله واغسله بالماء والثلج والبرد ونقه من الخطايا كما ينقي الثوب الابيض من الدنس وأبدله دارا خيرا من داره وأهلا خيرا من أهله وزوجا خيرا من زوجه وأدخله الجنة وأعذه من عذاب القبر ومن عذاب النار).

ترجمہ: (اے اللہ! ہمارے زندوں کو، ہمارے مردوں کو، ہمارے چھوٹوں کو، ہمارے بڑوں کو، ہمارے مردوں کو، ہماری عورتوں کو، ہمارے حاضر لوگوں کو اور ہمارے غائب لوگوں کو بخش دے، اے اللہ! تو ہم میں سے جس کو زندہ رکھے اس کو ایمان پر زندہ رکھ، اور جس کو وفات دے، تو اسلام پر وفات دے، اے اللہ! ہمیں اس کے اجر سے محروم نہ کر، اور اس کے بعد ہمیں گمراہ نہ کر۔ اے اللہ! اس کی مغفرت فرما، اس پر رحم کر، اسے عافیت دے، اسے معاف کر دے، اس کی (بہترین) مہمان نوازی فرما، اس کی (قبر) کشادہ کر دے، اسے پانی، برف اور اولے سے دھو دے، اسے گناہوں سے اس طرح صاف کر دے جیسے سفید کپڑا میل کچیل سے صاف کیا جاتا ہے، اس کو بدلے میں اس کے گھر سے اچھا گھر، اس کے گھر والوں سے بہتر گھر والے، اور اس کی بیوی سے اچھی بیوی عطا کر، اور اسے جنت میں داخل کر دے، اور اسے قبر کے عذاب اور جہنم کے عذاب سے بچا۔

- اور اگر جنازہ نابالغ کا ہو تو یہ دعا پڑھے (اللهم اجعله فرطا وذخرا لوالديه، وشفيعا مجابا، اللهم ثقل به موازينهما، وأعظم به أجورهما، وألحقه بصالح المؤمنين، واجعله في كفالة إبراهيم، وقه برحمتك عذاب الجحيم).

ترجمہ: (اے اللہ! اس بچے کو اس کے والدین کے لئے آئندہ کام آنے والا ذریعہ اور ان کے لئے ذخیرہ اور ایسا سفارش کرنے والا بنا دے جس کی سفارش قبول کی جائے، اور اے اللہ! اس کے ذریعہ ان دونوں کے میزان عمل کو بھاری کر دے، اور اس کے ذریعہ انہیں عظیم اجر و ثواب عطا فرما، اور اسے نیک مومنوں میں شامل کر دے، اور حضرت ابراھیم علیہ السلام کو اس بچے کی کفالت کرنے والا بنا دے، اور اپنی رحمت سے اسے جہنم کے عذاب سے بچا لے۔)

(4) اور چوتھی تکبیر کے بعد تھوڑی دیر کھڑا رہے اور پھر اپنے داہنی جانب ایک بار سلام پھیرے۔

Janaezbh
+97339804646
ترجمہ: اندلس گروپ برائے اسلامی ترجمہ
www.alandalusgroup.co.uk
ہر مسلمان کو اس مضمون میں تبدیلی کے بغیر اسے چھاپنے اور ترجمہ کرنے کا حق ہے۔